# FTO criticises FBR for piled-up tax refund cases

RECORDER REPORT

KARACHI: Federal Tax Ombudsman (FTO), Dr Shoaib Suddle, on Tuesday criticized the Federal Bureau of Revenue (FBR) for piled-up tax refund cases and observed the 'colonial' hangover tradition plagued public bureaucracy.

The country has to decide how long it will sustain on loans from foreign donors, as one day the global lenders will refuse to extend financial assistance, he observed. Saying the tax collection needed to be enhanced to help economy grow.

At a meeting with members of different textile exporters associations at PHMA House, he said the FBR had exceeded the limits of deficiencies, which pushed the refund cases into a long backlog.

Agreeing to the remarks of value-added textile manufacturers-cum-exporters, the tax ombudsman said the public bureaucracy in the revenue collection department was sensitive but there was corruption behind the problems.

"We have to control corrupt practices," he urged, saying the revenue collection in the country is almost nothing as the main collection is made through direct taxes. There is a need of implementation of laws and decisions to bring the nation out of economic problems.

He said that after taking over the office of FTO, he had expedited the process of disposing of refund cases and all refunds case of 2011 had been disposed off besides 50 clearing 50 percent cases of 2012.

He pointed out that there were pending cases of 2006, which were decided but the revenue department did not bother to dispose these of.

He said the 2012 was marked as year· of implementation. Talking about the rate of cases solved each year, he said, in 2009 less than 200 cases, in 2010 about 350 cases, in 2011 450 cases and in 2012 the FTO implemented its decisions on over 850 cases.

Suddle urged the tax payers to show resolve in getting their refunds from the FBR and leave no stone unturned in this connection.

There are many issues leading to problems on FBR part, he said, adding that the department is not giving results as per its mandate. Despite up-gradation of the tax system, he said, the FBR avoids to ensure its smooth executions, which subsequently hit the entire tax network.

Another reason, he mentioned, behind the long-backlog of cases with the tax collectors is a motive by the FBR to show huge tax collection figures, although a big chunk it has to pay back in terms of refunds to the taxpayers. In real terms, the FBR has no efforts in tax collections, as the country's big chunk of revenues come through direct tax-system, he observed.

He asked the taxpayers who face refund problems to submit correct details of their cases with the FTO for smooth and fast execution. "Give us correct information to solve the problem," he added.

"Unless five to 10 percent of the top class people are prosecuted every year, the system will not function properly," he suggested while explaining the crime deterrence doctrine.

He said the authorities could work under specific and general deterrence doctrines to scale back the crime rate and streamline the system.

About a suggestion given by a textile exporter – Junaid Makda, Dr Suddle said that there was dire need of trade ombudsman in the country to solve separately the exporters and importers problems.

Members of the textile associations including Javed Bilwani, Muhammad Muzzammil, Junaid Makda, Arshad, Salman Ishaq, and others raised their issues with Dr Suddle.

Pakistan Hosiery Manufacturers & Exporters Association
37 - H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI

DAWN
16 JAN 2013 Page No. 9

# 'FBR promoting institutionalised corruption'

By Parvaiz Ishfaq Rana

KARACHI, Jan 15: The Federal Bureau of Revenue promotes and posts corrupt officers at key posts deepening the perception of institutionalised corruption in the department, said Federal Tax Ombudsman Dr Muhammad Shoaib Suddle on Tuesday.

Speaking at a luncheon meeting with Value Added Apparel Forum members, he said the FTO office was a custodian of citizen rights and will not protect tax dodgers.

Dr Suddle said that for the first time the FTO office initiated defiance proceedings against FBR officials.

"Bureaucracy is still suffering from colonial hangover that treats people as natives. However, it is a systematic issue and can improve only when citizens fight for their rights. It is not easy to reform bureaucracy," he said.

"There is a greater need to develop culture of isolating tax evaders and corrupt tax collectors as people have to bear the cost of their dishonesty", he said.

The FTO said that decisions against pending cases pertaining to 2004 to 2011 period had been finalised but taxpayers seem to be indifferent to such cases.

Dr Suddle feared that even after deciding these cases, the retrieved money would not be used properly for the greater benefit of the people.

Many exporters and businessmen present on the occasion raised issues and cases pertaining to sales tax refunds.

He was also critical about the Sindh Board of Revenue (SBR) and Punjab Revenue Authority (PRA) and said that after collecting sales tax on services both are reluctant to make refunds to taxpayers.

All this was being done to keep their revenue collection figures inflated. Similarly, changes made in finance bill are not implemented.

Referring to irritants forwarded to FTO by Apparel Forum during meeting held on December 21, 2012, Dr Suddle said that the FBR had asked for more time and hopefully by January 28, 2013 things will become clear.

Pakistan Hosiery Manufacturers & Exporters Association
37 - H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI

THE NEWS
16 JAN 2013 Page No. 15

# FTO recommends large-scale reforms in FBR

By our correspondent

KARACHI: Federal Tax Ombudsman (FTO) Dr Shoaib Saddal has said that corruption has peaked in the country and recommended large-scale reforms in the Federal Board of Revenue (FBR), while talking to businessmen at the Pakistan Hosiery Manufacturers Association (PHMA) House on Tuesday.

Saddal said that until and unless the ministers, advisors and quarters involved in the government were made to pay taxes honestly, the situation would not improve.

Saddal said that the FBR was tampering in the numbers of revenue collection, adding that the tax authorities should practically widen the tax net and portray true figures, instead of just claiming to achieve targets.

He said that the FBR should not include the refunds in their total collection as it was not the revenue.

Also speaking on the occasion was Javed Bilwani, chairman of Pakistan Apparel Forum, who said that Regional Tax Offices (TROs) were harassing taxpayers in the name of scrutiny and audit and demanding records/documents, which had already been submitted to them along with returns.

Bilwani said that exporters should not be intentionally harassed and added that the records of sales tax on services, which the Sindh Board of Revenue was collecting from exporters, had not been forwarded to the FBR.

He demanded that the said records should immediately be moved to FBR, so that exporters could claim their due refunds.

Agenda 4

روزنامہ بیوپار کراچی (4) 16 جنوری 2013ء

# ہر سال 10 کرپٹ افراد سلاخوں کے پیچھے جائیں تو نظام درست ہو گا، شعیب سڈل

## ملک میں کرپشن زوروں پر ہے، تمام وزراء، مشیر و دیگر حکمرانوں سے حقیقی بنیادوں پر ٹیکس وصول کرنا ہوگا ورنہ ملک نہیں چلے گا

## ایف بی آر میں 5 سال کیلئے چیئرمین کی تقرری کی ضرورت ہے اور سب سے زیادہ اصلاحات کی ضرورت بھی اسی ادارہ میں ہے صنعتکاروں سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی ٹیکس محتسب ڈاکٹر شعیب سڈل نے کہا ہے کہ ہر سال 5 تا 10 بڑے کرپٹ لوگ سلاخوں کے پیچھے جائیں تو تب ہی ملک کا نظام درست ہوگا، ملک میں کرپشن زوروں پر ہے، تمام وزراء، مشیر و دیگر حکمرانوں سے حقیقی بنیادوں پر ٹیکس وصول کرنا ہوگا ورنہ ملک نہیں چلے گا۔ انہوں نے یہ بات منگل کو پاکستان اپیرل فورم کے زیراہتمام پاکستان ہوزری مینو فیکچررز ایسوسی ایشن میں صنعتکاروں اور برآمد کنندگان سے خطاب کے دوران کہی۔ اس موقع پر پاکستان اپیرل فورم کے چیئرمین محمد جاوید بلوانی، جنید ماکڈا، تقی باڑی، رفیق گوڈیل، خواجہ عثمان، کامران چاندنا، اختر یونس، محمد شفیع، زین بشیر، ارشد شہزاد و دیگر بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر شعیب سڈل نے کہا کہ ایف

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

بقیہ 25 **شعیب سڈل**

بی آر میں 5 سال کے لئے چیئرمین کی تقرری کی ضرورت ہے اور سب سے زیادہ اصلاحات کی ضرورت فیڈرل بورڈ آف ریونیو میں ہے، وزارت خزانہ کو یہ یقین کرلینا چاہیے کہ چیئرمین ایف بی آر ایماندار اور مخلص ہو۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر وفاقی ٹیکس محتسب کے فیصلوں پر 30 یوم کے اندر اندر عمل درآمد کا پابند ہے اور مقررہ مدت میں عمل درآمد نہ ہونے پر وفاقی ٹیکس محتسب ایف بی آر حکام کے خلاف کارروائی کرنے کا اختیار رکھتا ہے، انہوں نے بتایا کہ ایف بی آر کی جانب سے طویل دورانیے سے وصول شدہ ٹیکس کے اعداد و شمار بڑھا کر چڑھا کر پیش کئے جاتے ہیں جس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ مالی سال 2012 میں ایف بی آر نے مجموعی طور پر 2200 ارب روپے مالیت کے ریونیو حاصل کرنے کا دعویٰ کیا تھا جبکہ حقیقت یہ ہے کہ 2200 ارب روپے میں 4 ارب روپے ٹیکس دہندگان کے ریفنڈز کی رقومات بھی شامل ہیں، ایف بی آر کو صرف اپنے اہداف کے حصول کے دعوؤں کے بجائے وصول شدہ ٹیکس ریونیو کے حقیقی اعداد و شمار ظاہر کرنے کی ضرورت ہے کہ گزشتہ مالی سال میں 4 ارب روپے مالیت کے ریفنڈز جو در حقیقت ٹیکس دہندگان کی ملکیت کے تھے کو بھی مجموعی وصول شدہ ریونیو میں ظاہر کیا گیا تھا جو سراسر غلط تھا اور حقیقی معنوں میں ایف بی آر سال 2012 میں مجموعی طور پر 1800 ارب روپے مالیت کا ٹیکس ریونیو وصول کرسکا ہے۔ ڈاکٹر شعیب سڈل نے کہا کہ معاملات کی درستگی کے لیے ایف بی آر میں انقلابی نوعیت کی اصلاحات کی ضرورت ہے، اگر ایف بی آر اور اسکی بیوروکریسی کے معاملات درست ہوجائیں تو پاکستان کا بیرونی قرضوں پر انحصار ختم ہوسکتا ہے، پاکستان کے عوام کب تک بیرونی قرضے حاصل کرکے جیتی رہے گی، اگر قرضوں کے حصول کا سلسلہ جاری رہا تو مستقبل میں عالمی مالیاتی ادارے بھی پاکستان کو قرضے دینا بند کردیں گے۔ ایک سوال کے جواب میں وفاقی ٹیکس محتسب نے بتایا کہ ان کے ادارے میں 2004 سے 2010 تک کے زیرالتواء ریفنڈز کے تمام معاملات کے تصفیے کرلئے ہیں لہٰذا ادارہ ٹیکس محتسب میں درخواستیں جمع کرانے والے تمام متاثرہ ٹیکس دہندگان کو اپنے اپنے فیصلوں سے آگاہی حاصل کرنے کی ضرورت ہے اور اگر اب بھی کسی ٹیکس دہندہ کو ایف بی آر یا اسکے ماتحت اداروں سے کسی قسم کا کوئی مسئلہ درپیش ہے تو فی الفور وفاقی ٹیکس محتسب سے رجوع کرے، اس موقع پر پاکستان اپیرل فورم کے چیئرمین جاوید بلوانی نے اس موقع پر کہا کہ آر ٹی اوز ٹیکس گوشواروں کی اسکروٹنی و آڈٹ کے نام پر ٹیکس دہندگان کو ہراساں کررہے ہیں، ٹیکس افسران ٹیکس دہندگان سے وہ ریکارڈز بار بار طلب کررہے ہیں جو پہلے سے ہی ٹیکس دہندگان جمع شدہ ٹیکس گوشواروں کے ساتھ آر ٹی اوز میں داخل کرادیتے ہیں لیکن اسکے باوجود ان سے ریکارڈز طلب کئے جاتے ہیں، اگر ٹیکس حکام کو کسی ٹیکس گوشوارے پر شک یا اعتراض ہے تو وہ گوشوارہ داخل کرتے وقت ہی اسکا آڈٹ کریں اور اگر آر ٹی اوز کے پاس گوشوارے سے متعلقہ کوئی دستاویز غائب ہوجائے تو اسی وقت متعلقہ ٹیکس دہندہ سے مطلوبہ دستاویز دوبارہ طلب کی جائے، برآمدکنندگان کو دانستہ طور پر تنگ نہ کیا جائے، جاوید بلوانی نے کہا کہ برآمدکنندگان خدمات کے شعبے میں سندھ بورڈ آف ریونیو کو جو محصولات ادا کررہے ہیں اس کا ریکارڈ تاحال ایف بی آر کو ارسال نہیں کیا گیا ہے ہمارا مطالبہ ہے کہ یہ ریکارڈ فی الفور ایف بی آر کو ارسال کیا جائے تاکہ برآمدکنندگان کو بروقت ریفنڈز مل سکیں۔

Pakistan Hosiery Manufacturers & Exporters Association
37 - H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI

Page no-4

روزنامہ جنگ کراچی بدھ 16 جنوری 2013ء

# ایف بی آر کے معاملات درست ہو جائیں تو پاکستان کا بیرونی قرضوں پر انحصار ختم ہو سکتا ہے

وفاقی ٹیکس محتسب

## قرضوں کے حصول کا سلسلہ جاری رہا تو مستقبل میں عالمی مالیاتی ادارے بھی پاکستان کو قرضے دینا بند کر دینگے

ٹیکس محتسب کے ادارے میں درخواستیں جمع کرانے والے تمام متاثرہ ٹیکس دہندگان کو اپنے اپنے فیصلوں سے آگاہی حاصل کرنے کی ضرورت ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی ٹیکس محتسب ڈاکٹر شعیب سڈل نے کہا ہے کہ ملک میں کرپشن زوروں پر ہے اور سب سے زیادہ اصلاحات کی ضرورت فیڈرل بورڈ آف ریونیو میں ہے، ہر سال 5 تا 10 بڑے کرپٹ لوگوں کو سلاخوں کے پیچھے کیا جائے تب ہی ملک کا نظام درست ہوگا۔ یہ بات انہوں نے منگل کو پاکستان اپیرل فورم کے تحت پی ایچ ایم اے میں صنعت کاروں سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر پاکستان اپیرل فورم کے چیئرمین محمد جاوید بلوانی، رفیق گوڈیل، خواجہ عثمان، جنید ماکڈا، کامران چاندنہ، اختر یونس، محمد شفیع، زین بشیر، تقی باڑی، ارشد شہزاد و دیگر بھی موجود تھے۔ وفاقی ٹیکس محتسب نے کہا کہ تمام وزراء، مشیر و دیگر حکمرانوں سے حقیقی بنیادوں پر ٹیکس وصول کرنا ہوگا ورنہ ملک نہیں چلے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر وفاقی ٹیکس محتسب کے فیصلوں پر 30 یوم کے اندر اندر عملدرآمد کا پابند ہے اور مقررہ مدت میں عملدرآمد نہ ہونے پر وفاقی ٹیکس محتسب ایف بی آر حکام کے خلاف کارروائی کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ایف بی آر کی جانب سے طویل دورانیے سے وصول شدہ ٹیکس کے اعداد و شمار بڑھا چڑھا کر پیش کیے جاتے ہیں جس کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ مالی سال 2012ء میں ایف بی آر نے مجموعی طور پر 2200 ارب روپے مالیت کا ریونیو حاصل کرنے کا دعویٰ کیا تھا جبکہ حقیقت یہ ہے کہ ان 2200 ارب روپے میں 4 ارب روپے ٹیکس دہندگان کے ریفنڈز کی رقومات بھی شامل ہیں، ایف بی آر کو صرف اپنے اہداف کے حصول کے دعووں کے بجائے وصول شدہ ٹیکس ریونیو کے حقیقی اعداد و شمار ظاہر کرنے کی ضرورت ہے کہ گزشتہ مالی سال میں 4 ارب روپے مالیت کے ریفنڈز جو درحقیقت ٹیکس دہندگان کی ملکیت کے تھے، کو بھی مجموعی وصول شدہ ریونیو میں ظاہر کیا گیا تھا جو سراسر غلط تھا اور حقیقی معنوں میں ایف بی آر سال 2012ء میں مجموعی طور پر 1800 ارب روپے مالیت کا ٹیکس ریونیو وصول کر سکا ہے۔ ڈاکٹر شعیب سڈل نے کہا کہ معاملات کی درستی کے لئے ایف بی آر میں انقلابی نوعیت کی اصلاحات کی ضرورت ہے اگر ایف بی آر اور اس کی بیوروکریسی کے معاملات درست ہو جائیں تو پاکستان کا بیرونی قرضوں پر انحصار ختم ہو سکتا ہے، پاکستان کے عوام کب تک بیرونی قرضے حاصل کرتے رہیں گے، اگر قرضوں کے حصول کا سلسلہ جاری رہا تو مستقبل میں عالمی مالیاتی ادارے بھی پاکستان کو قرضے دینا بند کر دیں گے۔ ایک سوال کے جواب میں وفاقی ٹیکس محتسب نے بتایا کہ ان کے ادارے میں 2004ء سے 2010ء تک کے زیر التوا ریفنڈز کے تمام معاملات کے تصفیے کر لئے ہیں لہٰذا ادارہ ٹیکس محتسب میں درخواستیں جمع کرانے والے تمام متاثرہ ٹیکس دہندگان کو اپنے اپنے فیصلوں سے آگاہی حاصل کرنے کی ضرورت ہے اور اگر اب بھی کسی ٹیکس دہندہ کو ایف بی آر یا اس کے ماتحت اداروں سے کسی قسم کا کوئی مسئلہ درپیش ہے تو فی الفور وفاقی ٹیکس محتسب سے رجوع کرے۔ اس موقع پر پاکستان اپیرل فورم کے چیئرمین جاوید بلوانی نے استقبالیہ کلمات ادا کرتے ہوئے کہا کہ آر ٹی اوز ٹیکس گوشواروں کی اسکروٹنی و آڈٹ کے نام پر ٹیکس دہندگان کو ہراساں کر رہے ہیں، ٹیکس افسران ٹیکس دہندگان سے وہ ریکارڈز بار بار طلب کر رہے ہیں جو پہلے سے ہی ٹیکس دہندگان جمع شدہ ٹیکس گوشواروں کے ساتھ آر ٹی اوز میں داخل کرا دیتے ہیں لیکن اس کے باوجود ان سے ریکارڈز طلب کیے جاتے ہیں اگر ٹیکس حکام کو کسی ٹیکس گوشوارے پر شک یا اعتراض ہے تو وہ گوشوارہ داخل کرتے وقت ہی اس کا آڈٹ کریں اور اگر آر ٹی اوز کے پاس گوشوارے سے متعلقہ کوئی دستاویز غائب ہو جائے تو اسی وقت متعلقہ ٹیکس دہندہ سے مطلوبہ دستاویز دوبارہ طلب کی جائے، برآمدکنندگان کو دانستہ طور پر تنگ نہ کیا جائے۔ جاوید بلوانی نے کہا کہ برآمدکنندگان خدمات کے شعبے میں سندھ بورڈ آف ریونیو کو جو محصولات ادا کر رہے ہیں اس کا ریکارڈ تاحال ایف بی آر کو ارسال نہیں کیا گیا ہے، ہمارا مطالبہ ہے کہ یہ ریکارڈ فی الفور ایف بی آر کو ارسال کیا جائے تاکہ برآمدکنندگان کو بروقت ریفنڈز مل سکیں۔

Page no-14

روزنامہ ایکسپریس، کراچی۔ بدھ، 16 جنوری، 2013ء

# ملک میں کرپشن زوروں پر ہے، وفاقی ٹیکس محتسب

## ایف بی آر میں زیادہ اصلاحات کی ضرورت ہے، چیئرمین 5 سال کیلیے تعینات کیا جائے

کراچی (بزنس رپورٹر) وفاقی ٹیکس محتسب ڈاکٹر شعیب سڈل نے کہا ہے کہ ملک میں کرپشن زوروں پر ہے اور سب سے زیادہ کرپشن کرنے والے کو اس سے اچھی اور بڑی پوزیشن و پوسٹنگ مل جاتی ہے، ہر قسم کی مصلحت کو بالائے طاق رکھ کر بلاامتیاز احتساب سے معاشرے میں مثبت تبدیلی لائی جا سکتی ہے، سب سے زیادہ اصلاحات کی ضرورت فیڈرل بورڈ آف ریونیو میں ہے لیکن ایف آئی اے، نیب اور پولیس میں بھی بنیادی نوعیت کی اصلاحات وقت کی اہم ضرورت ہے، ہر سال 5 تا 10 بڑے کرپٹ لوگ سلاخوں کے پیچھے جائیں تب ہی ملک کا نظام درست ہوگا۔ یہ بات انہوں نے منگل کو پاکستان اپیرل فورم کے تحت پی ایچ ایم اے میں صنعت کاروں سے خطاب کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر پاکستان اپیرل فورم کے چیئرمین محمد جاوید بلوانی، رفیق گوڈیل، خواجہ عثمان، جنید ماکڈا، کامران چاندنا، اختر یونس، محمد شفیع، زین بشیر، تقی باڑی، ارشد شہزاد و دیگر بھی موجود تھے۔ وفاقی ٹیکس محتسب نے کہا کہ تمام وزرا، مشیروں کے علاوہ گریڈ 1 تا 22 کے سرکاری ملازمین سے حقیقی بنیادوں پر ٹیکس وصول کرنا ہوگا ورنہ ملک نہیں چلے گا۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین ایف بی آر کی آسامی پر ایماندار اور اچھی شہرت و ریکارڈ رکھنے والے افسر کی 5 سالہ مدت کے لیے تقرری کی ضرورت ہے، ایف بی آر کی جانب سے طویل دورانیے سے وصول شدہ ٹیکس کے اعداد و شمار بڑھا چڑھا کر پیش کیے جاتے ہیں جس کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ مالی سال 2012 میں ایف بی آر نے مجموعی طور پر 2200 ارب روپے مالیت کے ریونیو حاصل کرنے کا دعویٰ کیا تھا حالانکہ اس میں اربوں روپے کے ریفنڈز بھی شامل تھے، حقیقی معنوں میں ایف بی آر نے سال 2012 میں 1800 ارب روپے کا ٹیکس ریونیو وصول کیا، معاملات کی درستگی کے لیے ایف بی آر میں انقلابی اصلاحات کی ضرورت ہے، اگر ایف بی آر اور اسکی بیوروکریسی کے معاملات درست ہو جائیں تو پاکستان کا بیرونی قرضوں پر انحصار ختم ہو سکتا ہے۔ ایک سوال پر انھوں نے بتایا کہ ان کے ادارے میں 2004 سے 2010 تک کے زیر التوا ریفنڈز کے تمام معاملات کے تصفیے کر لیے ہیں لہٰذا متاثرہ ٹیکس دہندگان اپنے فیصلوں سے آگہی حاصل کریں، اگر اب بھی کسی ٹیکس دہندہ کو ایف بی آر یا اس کے ماتحت اداروں سے کوئی مسئلہ درپیش ہو تو فی الفور وفاقی ٹیکس محتسب سے رجوع کرے۔ اس موقع پر پاکستان اپیرل فورم کے چیئرمین جاوید بلوانی نے استقبالی کلمات ادا کرتے ہوئے کہا کہ آر ٹی اوز ٹیکس گوشواروں کی اسکروٹنی و آڈٹ کے نام پر ٹیکس دہندگان کو ہراساں کر رہے ہیں، ٹیکس افسران ٹیکس دہندگان سے وہ ریکارڈز بار بار طلب کر رہے ہیں جو پہلے ہی گوشواروں کے ساتھ جمع کرا دیا جاتا ہے، ٹیکس حکام کو کسی ٹیکس گوشوارے پر شک یا اعتراض ہو تو اسی وقت آڈٹ کیا جائے مگر برآمدکنندگان کو دانستہ تنگ نہ کیا جائے۔ انھوں نے کہا کہ برآمدکنندگان سندھ بورڈ آف ریونیو کو جو محصولات ادا کر رہے ہیں اس کا ریکارڈ تاحال ایف بی آر کو نہیں دیا گیا، ہمارا مطالبہ ہے کہ یہ ریکارڈ فی الفور ایف بی آر کو ارسال کیا جائے تاکہ برآمدکنندگان کو بروقت ریفنڈز مل سکیں۔

Pakistan Hosiery Manufacturers & Exporters Association
37-H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI